**14.10.2024**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں............ارجمندعلی خان

------------------------------

**Music**

☆ صدرجمہوریہ دروپدی مرمو الجیریا کے اپنے ہم منصب عبدالماجد **Tebboune** کے ساتھ دو طرفہ بات چیت کرنے والی ہیں۔

☆ مواصلات کے مرکزی وزیر جیوترآدتیہ سندھیا نے کہا ہے کہ **5G** خدمات شروع ہونے سے **2040** تک بھارتی معیشت میں **45** کروڑ ڈالر کا سرمایہ لگائے جانے کی امید ہے۔

☆ قومی راجدھانی دلّی میں بڑھتی ہوئی فضائی آلودگی کے تناظر میں آتش بازی کے ہر طرح کے سامان پر مکمل پابندی عائد کردی گئی ہے۔

☆ امریکہ جدید طرز کا میزائل دفاعی نظام اسرائیل بھیجے گا۔

☆ اور بھارت اگلے سال **ISSF** جونیئر ورلڈ کپ کی میزبانی کرے گا۔

**(Music)**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**PREZ ALGERIA**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، آج الجیریا کی قیادت کے ساتھ مختلف باہمی میٹنگیں کریں گی اور الجیریا-بھارت اقتصادی فورم سے خطاب کریں گی۔ صدر جمہوریہ الجیریا، موریتانیہ اور ملاوی کے اپنے تین ملکوں کے دورے کے پہلے مرحلے میں الجیریا کی راجدھانی **Algiers** میں ہیں۔ اُن کے اس دورے میں افریقی ممالک کے ساتھ موجودہ دوستانہ اور قریبی تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کے بھارت کے عزم پر توجہ مرکوز کی جارہی ہے۔ اپنے دورے کے دوسرے مرحلے میں صدر جمہوریہ دروپدی مرمو **16** اکتوبر کو موریتانیہ اور آخری مرحلے میں **17** سے **19** اکتوبر تک ملاوی کا دورہ کریں گی۔×

**BIRLA IPU**

لوک سبھا اسپیکر اوم برلا کل رات جنیوا پہنچ گئے ہیں۔ وہ بین پارلیمانی یونین IPU کی 149 وِیں اسمبلی میں ایک پارلیمانی وفد کی قیادت کررہے ہیں۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب برلا نے کہا کہ وہ اپنے دورے میں ''ایک مزید پُرمن اور مستحکم مستقبل کیلئے سائنس، ٹیکنالوجی اور اختراع کے فروغ'' کے موضوع پر، اسمبلی سے خطاب کریں گے۔ یہ اسمبلی اِس ماہ کی 17 تاریخ تک جاری رہے گی۔

جناب برلا، آج جنیوا میں IPU کی گورننگ کونسل کی میٹنگز میں شرکت کریں گے اور وہاں آباد بھارتی برادری سے ملاقات کریں گے۔ اِس کے علاوہ وہ اسمبلی کے موقع پر دیگر ملکوں کی پارلیمنٹس کی، اپنی ہم منصب شخصیتوں سے ملاقات کریں گے۔ یہ وفد راجیہ سبھا کے نائب چیئرمین ہری وَنش سنگھ، دونوں ایوانوں کے سکریٹری جنرل اور پارلیمنٹ کے دیگر ارکان پر مشتمل ہے۔X

**ARNT CHIEF JAPAN**

فوج کے سربراہ جنرل اُوپیندر دیویدی جاپان کے چار دِن کے دورے پر روانہ ہوگئے ہیں، تاکہ دونوں ملکوں کے درمیان دفاعی اشتراک کو فروغ دیا جاسکے۔ وزارت دفاع کے مطابق اُن کے اِس دورے کا مقصد تعاون کے نئے راستے تلاش کرنے کے ساتھ ساتھ دونوں ملکوں کی افواج کے درمیان فوجی اشتراک کو مستحکم بنانا ہے۔

جنرل اُوپیندر دیویدی Ichigaya میں جاپان کی فوج کے اعلیٰ عہدیداروں سے ملاقات کریں گے۔ اِس میں بھارت اور جاپان کے درمیان اور زیادہ مضبوط فوجی اشتراک پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔ فوج کے سربراہ Ichigaya کے مقام پر وزارت دفاع میں واقع میموریل پر خراج عقیدت پیش کریں گے۔x

**INDIA WTSA 2024**

بھارت کل سے نئی دِلّی کے بھارت منڈپم میں بین الاقوامی ٹیلی مواصلاتی یونین کی معیارات سے متعلق عالمی ٹیلی مواصلاتی اسمبلی کی میزبانی کرے گا۔ وزیراعظم نریندرمودی اِس تقریب کا افتتاح کریں گے۔ پہلی بار بھارت اِس اجلاس کی میزبانی کررہا ہے۔ اِس کے علاوہ وزیراعظم نریندرمودی انڈیا موبائل کانگریس کا بھی افتتاح کریں گے۔x

**SCINDIA GLOBAL SYMPOSIUM**

مواصلات کے مرکزی وزیر جیوترآدتیہ سندھیا نے کہا ہے کہ بھارت نے ملک کی سبھی ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں 5G ٹیلی کام خدمات شروع کردی ہیں اور صرف 22 مہینے میں ہی 80 فیصد آبادی کو یہ سہولت فراہم کردی گئی

ہے۔ آج نئی دلّی میں عالمی معیارات سے متعلق پانچویں سمپوزیم کے افتتاحی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے جناب سندھیا نے کہا کہ **5G** خدمات کے شروع ہونے سے **2040** تک معیشت میں **45** کروڑ ڈالر کا سرمایہ لگائے جانے کی امید ہے۔

گلوبل سمپوزیم کے بارے میں وزیر موصوف نے کہا کہ معیارات کے بارے میں اتفاق رائے پیدا کرنے کی خاطر عالمی مذاکرات کیلئے اِس سے رہنمائی حاصل ہوگی اورعالمی سطح پر نئی تکنیک لانے میں مدد ملے گی۔**x**

## RBI GOVERNO

ریزرو بینک کے گورنر شکتی کانت داس نے کہا ہے کہ بھارت نے عالمی معیار کا ڈیجیٹل عوامی بنیادی ڈھانچہ تیار کیا ہے، جس سے اعلیٰ معیار کی ڈیجیٹل مالی خدمات دستیاب کرانے میں مدد ملی ہے۔ انھوں نے کہا کہ ملک میں دنیا کا تیسرا سب سے متحرک اسٹار اَپ نظام موجود ہے اور ایک لاکھ چالیس ہزار سے زیادہ اسٹارٹ اَپ اِدارے اور **100** سے زیادہ **Unicorn** کمپنیاں کام کررہی ہیں۔

جناب شکتی کانت داس آج نئی دلّی میں اعلیٰ سطح کی کانفرنس **RBI@90** سے خطاب کررہے تھے۔ انھوں نے زور دے کر کہا کہ ڈیجیٹل عوامی بنیادی ڈھانچے کے شعبے میں بھارت کے تجربے سے دیگر ممالک اپنے نظام کو بہتر بنانے اور عالمی ڈیجیٹل انقلاب لانے کیلئے فائدہ اُٹھا سکتے ہیں۔ **x**

## NADDA ICDRA

مرکزی وزیر صحت جگت پرکاش نڈّا نے کہا ہے کہ بین الاقوامی یگانگت کا جذبہ عالمی سطح پر حفظان صحت کیلئے بھارت کے موقف کی بنیاد ہے۔ وہ آج نئی دلّی میں دواؤں کے انضباطی اداروں کی **19** ویں بین الاقوامی کانفرنس کا افتتاح کررہے تھے۔ جناب نڈّا نے کہا کہ بھارت اِس کانفرنس میں صرف شریک ہونے والا ایک ملک نہیں بلکہ ایک زیادہ مضبوط اور زیادہ مستحکم دنیا کی تعمیر میں ایک ساجھیدار بھی ہے۔ اِس پانچ روزہ کانفرنس میں **120** سے زیادہ ممالک شرکت کررہے ہیں۔ **x**

## DELHI FIRECRACKER BAN

دلّی حکومت نے قومی راجدھانی میں آلودگی میں اضافے کے پیش نظر سبھی طرح کے آتش بازی کے سامان کی تیاری، انہیں ذخیرہ کرنے اور فروخت کرنے پر آج مکمل طور پر پابندی نافذ کردی ہے۔ یہ پابندی آج سے آئندہ برس پہلی جنوری تک نافذ رہے گی۔ آلودگی کی روک تھام سے متعلق دلّی کمیٹی نے اس سلسلے میں ایک حکم بھی جاری کیا ہے، جس کے تحت سبھی طرح کے پٹاخوں کی آن لائن مارکیٹنگ پلیٹ فارم کے ذریعہ فراہمی اور انہیں چھوڑنے پر بھی پابندی شامل ہے۔

دلّی کے ماحولیات کے وزیر گوپال رائے نے سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر کہا ہے کہ موسم سرما میں بڑھتی آلودگی کے

تناظر میں یہ پابندی نافذ کی گئی ہے۔ انہوں نے دلّی کے لوگوں سے اس سلسلے میں تعاون کرنے کی اپیل کی ہے۔x

**US THAAD**

امریکہ نے اعلان کیا ہے کہ وہ جدید طرز کا میزائل دفاعی نظام اسرائیل بھیج رہا ہے اور اِسے چلانے کیلئے تقریباً 100 امریکی فوجی بھی وہاں جائیں گے۔ ایک سال پہلے حماس کے حملوں کے بعد سے ایسا پہلی بار ہورہا ہے کہ امریکی فورسز کو اسرائیل میںتعینات کیا جارہا ہے۔

امریکی محکمۂ دفاع پینٹاگن نے کہا ہے کہ صدر جوبائیڈن نے وزیردفاع Lloyd Austin کو حکم دیا ہے کہ وہ دفاعی نظام THAAD اور اُس کے عملے کے اہلکاروں کو اسرائیل بھیجیں۔ THAAD میزائل نظام بیلسٹک میزائلوں کے خلاف تحفظ فراہم کرنے کیلئے زمین سے وار کرکے حملہ آور میزائلوں کو مار گرانے کیلئے استعمال ہوتا ہے۔

اِس میں کسی طرح کا ہتھیار نہیں ہوتا اور یہ حملے کرنے کیلئے استعمال نہیں کیا جاتا۔ اِس اعلان سے دو ہفتے قبل ایران نے حماس اور حزب اللہ کے لیڈروں اور ایران کے ایک جنرل کی ہلاکت کے تناظر میں جوابی کارروائی کرتے ہوئے پہلی اکتوبر کو اسرائیل پر کئی میزائل داغے تھے۔ اَب اسرائیل ایران پر جوابی حملہ کرنے کا منصوبہ بنا رہا ہے۔ دوسری طرف ایران کے وزیر خارجہ عباس Araqchi نے خبردار کیا ہے کہ امریکہ اسرائیل میں امریکی میزائل دفاعی نظام چلانے کیلئے وہاں اپنے فوجیوں کو تعینات کرکے اُن کی زندگی کو خطرے میں ڈال رہا ہے۔ x

**BEHRAICH CLASHES UPDATE**

اترپردیش میں بہرائچ ضلعے کے Hardi علاقے میں صورتحال کشیدہ، لیکن کنٹرول میں ہے۔ وہاں کل دُرگا مورتی کے Visarjan کے دوران جھڑپوں میں ایک نوجوان کی موت ہوگئی تھی۔ Hardi تھانے کے SO سمیت دو پولیس افسروں کو معطل کردیا گیا ہے۔ پولیس نے ایک شخص کو گرفتار کیا ہے، جس نے مبینہ طور پر درگا پوجا جلوس پر فائرنگ کی تھی، جس کے نتیجے میں ایک نوجوان کی موت ہوگئی تھی۔ جھڑپوں کے دوران کچھ افراد زخمی بھی ہوئے۔ اِدھر آج صبح مرنے والے نوجوان کا جسد خاکی جب Rehua Mansoor گاؤں پہنچا تو کچھ گاؤں والوں نے تشدد پھیلانے کی کوشش کی، لیکن پولیس نے صورتحال کو کنٹرول کرلیا۔

DIG ، کمشنر اور دیگر اعلیٰ عہدیدار علاقے میں موجود ہیں۔ اُدھر ضلعے کے پولیس سپرنٹنڈنٹ وِرندا شکلا نے بتایا کہ کل کے تشدد کے سلسلے میں 25 سے 30 افراد کو حراست میں لیا گیا ہے۔x

## FLIGHTS BOMBS THREAT

ایئر انڈیا کی ممبئی سے نیویارک جانے والی پرواز کا رُخ آج صبح بم کی دھمکی کے پیش نظر دلّی کی جانب تبدیل کردیا گیا۔ سبھی مسافر محفوظ ہیں اور اب تک معائنہ کے بعد کچھ نہیں ملا ہے۔ممبئی سے مسقط جارہی IndiGo کی پرواز کو بھی اسی طرح بم کی دھمکی موصول ہوئی۔ ضابطوں کے مطابق طیارے کو ہوائی اڈے پر ایک الگ تھلگ جگہ لے جایا گیا اور بہت جلد ضروری سکیورٹی چیک کئے گئے۔ممبئی سے جدہ جارہی IndiGo کی ایک پرواز کو بھی بم کی دھمکی موصول ہوئی ہے۔ اس دوران ممبئی-ہاوڑہ میل کو ایک ٹائمر بم کے ذریعہ دھماکے سے اڑانے کی دھمکی بھی ملی ہے۔ ریل گاڑی کو جلگاؤں اسٹیشن پر روکا گیا اور تلاشی کے بعد کوئی مشتبہ چیز نہیں ملی۔ ریل گاڑی اس کے بعد اپنے جائے مقام کی جانب روانہ ہوگئی۔x

## FEMA KOLKATA

میڈیکل انجمنوں کی فیڈریشن نے جونیئر ڈاکٹروں کی بھوک ہڑتال کے ساتھ یگانگت کے اظہار کے طور پر آج صبح چھ بجے سے 48 گھنٹے کے کام رُوکو ایجیٹیشن کا نعرہ دیا ہے۔ فیڈریشن کی طرف سے ڈاکٹر S Mukherjee نے بتایا کہ ایمرجنسی خدمات اِس کے دائرے میں نہیں آئیں گی۔

ڈاکٹروں کا جوائنٹ پلیٹ فارم اپنے اپنے کام کی جگہ پر آج صبح 9 بجے سے 12 گھنٹے کے لیے علامتی بھوک ہڑتال پر ہے، تاکہ ریاستی سرکار سے اپنے مطالبات پر اور زیادہ زور دیا جاسکے۔ اِدھر احتجاج کرنے والے ایک اور ڈاکٹر Pulastya Acharya کو اُن کی طبیعت زیادہ خراب ہونے کے بعد NRS میڈیکل کالج اسپتال میں داخل کرایا گیا ہے۔ x

## US INDIA STRATEGIC

امریکہ-بھارت دفاعی شراکت داری فورم USISPF، آج نئی دلی میں اپنی سالانہ ''بھارت کی قیادت سے متعلق سربراہ کانفرنس 2024'' کی میزبانی کیلئے تیار ہے، جس کا مقصد دوطرفہ تجارت، سپلائی چین، سیمی کنڈکٹرس کے شعبے میں سرمایہ کاری، مصنوعی ذہانت AI اور اگلے دور کی ٹیکنالوجی سے متعلق تعاون کو فروغ دینا ہے۔

یہ سربراہ کانفرنس، کواڈ رہنماؤں کی سربراہ کانفرنس اور اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کیلئے امریکہ کے، وزیراعظم نریندر مودی کے حالیہ کامیاب دورے کے بعد منعقد ہورہی ہے۔ اِس ایک روزہ سربراہ کانفرنس کا مقصد دفاعی تعلقات اور ماحول کیلئے سازگار توانائی کے ساتھ ساتھ ایک آزاد، کھلے اور محفوظ بھارت-بحرالکاہل خطے کو فروغ دینا ہے۔

USISPF کے چیئرمین John Chambers نے کہا کہ یہ صدی، بھارت کی صدی ہے، اور وہ مستقبل کے امکانات کے تئیں کافی پُرجوش ہیں کیونکہ ہم، دونوں ملکوں کیلئے ایک مشترکہ اور خوشحال مستقبل کی تعمیر کیلئے، بھارتی رہنماؤں کے ساتھ مل کر کام کررہے ہیں۔

یہ سربراہ کانفرنس، امریکہ اور بھارت کے درمیان متحرک دفاعی شراکت داری کو مستحکم کرنے کیلئے ایک اہم پلیٹ فارم کے طور پر کام کررہی ہے۔×

## J&K PREZ RULE

مرکز نے جموں وکشمیر میں صدر راج ختم کردیا ہے۔ اس طرح مرکز کے زیر انتظام اِس علاقے میں ایک نئی سرکار بنانے کی راہ ہموار ہوگئی ہے۔ مرکزی حکومت نے اِس سلسلے میں ایک اطلاع نامہ جاری کیا ہے۔ نیشنل کانفرنس۔ کانگریس اتحاد نے حال ہی میں اسمبلی انتخابات میں اکثریت حاصل کی تھی۔ اس سے قبل نیشنل کانفرنس کے نائب صدر عمر عبداللہ نے جمعہ کے روز سری نگر کے راج بھون میں لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقات کی اور جموں وکشمیر میں نئی سرکار بنانے کا دعویٰ پیش کیا۔

وزیراعلیٰ کی حیثیت سے عمر عبداللہ کی یہ دوسری مدت کار ہوگی اور پہلی کی ریاستوں لداخ اور جموں وکشمیر کو مرکز کے زیر انتظام دو علاقے بنائے جانے اور 2019 میں دفعہ 370 اور 35A کو منسوخ کئے جانے کے بعد جموں وکشمیر میں پہلی منتخب حکومت ہوگی۔ X

## ISSF 2025 INDIA

بین الاقوامی شوٹنگ اسپورٹ فیڈریشن ISSF کے صدر، لُوسیانو Rossi نے اس بات کی تصدیق کی ہے کہ بھارت 2025 میں ISSF جونیئر ورلڈ کپ کی میزبانی کرے گا۔ جناب Rossi کل نئی دلی میں ISSF ورلڈ کپ فائنل، رائفل / پسٹل / شاٹ گن سے قبل پریس کانفرنس سے خطاب کررہے تھے۔ جناب Rossi نے دنیا بھر میں نشانہ بازی کو فروغ اور بڑھتی ہوئی مقبولیت میں بھارت کے تعاون کی ستائش کی۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆